ब्रह्मचारी

B

برہمچاری

اداکاران

شمی کپور - راج شری - ممتاز

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

بڑے بیچاری فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

پکے یہ چکا چک ہیں گاڑی
گاڑی ہی میں نکلی اپنی سواری
تھوڑے سے آگاڑی تھوڑے سے پچھاڑی
جنتو چھیلے منتو ٹھیلے
مخمل کی ٹوپی جھبو رنگیلے
للو لمبا لمبا لمبی ٹھما ٹما
گاما جمن گگے گٹ بھیلے
پیٹ ہیں ان کے لمبی سی داڑھی
عمر میں بچے یہ چھوٹے بچے
ہیں بھولے بھالے ہیں سیدھے سچے
ٹھانا تک جو بھی کر کے رہیں گے
اپنی دھن کے ہیں پورے پکے
کوئی نہ سمجھے ان کو اناڑی
لمبا سفر ہے ٹیڑھی ڈگر ہے منزل ہے مشکل
گرنے کا ڈر ہے پر نہ رکیں گے چلتے چلیں گے

یہ ساری دنیا اب اپنا گھر ہے
پھر نہ مانیں گے سارے کھلاڑی

گانا نمبر۲:۔ آج کل تیرے میرے پیار کے
چرچے ہر زبان پر
سب کو معلوم ہے اور سب کو خبر ہو گئی
اچھا! تو کیا
ہم نے تو پیار میں ایسا کام کر لیا
پیار کی راہ میں اپنا نام کر لیا
دو بدن ایک دل ایک جان ہو گئے
منزلیں ایک ہوئی ہم سفر بن گئے
کیوں بھلا ہم ڈریں دل کے مالک ہیں ہم
ہر جنم میں تجھے اپنا مانا صنم

گانا نمبر۳:۔ للا للا للا للا للا للا میں گاؤں
تم سو جاؤ
سکھ سپنوں میں کھو جاؤ
مانا آج کی رات ہے لمبی
مانا دل ہے بھاری
پر جگ بدلا بدلے گی ایک دن
تقدیر ہماری

اُس دن کے خواب سجاؤ
کل جب تم آنکھیں کھولو گے
جب ہوگا اُجیارا
خوشیوں کا سندیش لے کر آئیگا سپنے ہرکارا
مت آس کے دیپ جلاؤ —
جی کرتا ہے جیتے جی میں یونہی گیت گاؤں
گردش میں ہے تیرے ہاروں کا مانجھا سبھلا تا جاؤں
پھر ایک دن تم دہراؤ —

گانا نمبر ۱۲ - تو بے مثال ہے
تیری تعریف کیا کروں
مثانہ بات ہے تیری تعریف کیا کروں
آنکھوں میں پی رہا ہوں
مجھے ہوش ہی نہیں
آنکھوں سے نشیلا کاجل ہے
چہرے پہ حیا کی لالی ہے
پھولوں کی مہک ہے بالوں میں
ہر ایک ادا متوالی ہے
زلفوں کو اگر دیکھے ساون
ساون کو پسینہ آجائے

گاؤں کو اگر دیکھے بجلی
بادل میں شرم سے چھپ جائے
تو شاخ ہوا ئے گلشن کی
دامن سے لپٹنے آئی ہے
ایمان جو ہے دُنیا کا
قاتل وہ تیری انگڑائی ہے

گانا نمبر ۵:- کوئی پیار ہمیں بھی کرنا ہے
ہم پر بھی کوئی مرتا ہے
ہمیں تم کیا سمجھتے ہو
محبت کے خدا ہم ہیں
پھولوں کی تازگی تو ہے
کلیوں کی نازکی تو ہے
اب تیری زندگی میں ہوں
اور میری زندگی تو ہے
آنکھوں سے پیار چھلکا ہے
دیکھا جو تو نے شرما کے
پہلو میں تیرے جا بیٹھے ہم
دو جہاں ٹھکرا کے
محبت کے خدا -

گانا نمبر ۷ - دِل کے جھروکے میں تجھ کو بٹھا کر
یادوں کو تیری دُلہن بنا کر رکھوں گا میں دِل کے پاس
مت ہو میری جان اُداس

کل تیرے جلوے پرائے بھی ہوں گے
لیکن جھلک میرے خوابوں میں ہو گی
پھولوں کی خوشبو میں ہو گی تو رخصت
لیکن مہک میری سانسوں میں ہو گی
ابھی تیرے مترنم ہونٹوں کے پیالے
میرے تصور میں ساقی بنے ہیں
اب بھی تیری زلف کے سست سائے
ہر اک کی دھوپ میں ساتھی بنے ہیں
میری محبت کو ٹھکرا دے چاہے
میں کوئی تجھ سے نہ شکوا کروں گا
آنکھوں میں رہتی ہے تصویر تیری
ساری عمر تیری پوجا کروں گا
دِل کے جھروکے —

ختم شد

کملا کشیدہ کاری

لڑکیوں بچیوں کو کڑھائی کا کام سکھانے والی یہ لاجواب کتاب ہے جس میں بیسیوں قسم کی بیلیں اور بوٹوں کے ڈیزائن۔ چادر میز پوش گرتے قمیض پاجامے۔ تکئے۔ وغیرہ کاڑھنے کے عجیب و غریب نقش نگار چھاپے گئے ہیں۔ ایک سے ایک خوبصورت ڈیزائن آپکو ملے گا۔ جسکو کارمن بیپر کے ذریعہ آپ کپڑوں پر اتار کے کاڑھ سکتی ہیں۔ ایسی لاجواب کتاب کو مشکل ہی سے ملتی ہے

قیمت صرف چار روپے معہ ڈاک خرچ

عملیات مجرب عالم

اس سلسلے کی یہ وہ لاثانی کتاب ہے جس کی تعریف احاطہ تحریر میں نہیں آ سکتی۔ ایک دو نہیں سینکڑوں عملیات ہیں۔ اور ایک سے ایک لاجواب فاضل مصنف نے پیروں فقیروں اور باکمل عاملوں کے صدری اور اکسیری عملیات آجکل اس میں درج ہیں

قیمت صرف -/۳/۸ معہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو پبلیشرز دریبہ کلاں دھلی